# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 27 April 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۷/ اپریل ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ EVM مشینوں کے استعمال کو چیلنج کرنے والی درخواست سپریم کورٹ نے کی مسترد

☆ عام انتخابات کے دوسرے مرحلے کے دوران ریاست میں کل 59.63 / فیصد رائے دہی

☆ ناندیڑ ضلعے میں کلہاڑی سے EVM مشین توڑنے والا نوجوان گرفتار' تاہم مشین کا ڈیٹا محفوظ

☆ انتخابی عمل کے چوتھے مرحلے کی درخواستوں کی جانچ مکمل ' جالنہ میں 12 / بیڑ 19 / اور اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں 7 / امیدواروں کی درخواستیں مسترد

اور

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر میں آج سے 2 / روزہ شیکسپیئر مہوتسو

اب خبریں تفصیل سے...

سپریم کورٹ نے ای وی ایم کے استعمال کو چیلنج کرنے والی عرضیوں کو خارج کر دیا ہے۔ عدالتِ عظمیٰ نے انتخابات کے بعد تمام وی وی پیٹ مشینوں میں ووٹوں کی پرچیوں کی گنتی کرنے کے مطالبے کو بھی مسترد کر دیا ہے۔ جسٹس سنجیو کھنا اور جسٹس دیپانکر دتا کی بینچ نے کل اِس سلسلے میں اپنا فیصلہ سُناتے ہوئے کہا کہ ای وی ایم مشینوں میں امیدواروں کی نشانیوں کی تصدیق کے بعد انہیں سیل کیا جائے۔ عدالت نے کہا کہ نتائج کے اعلان کے بعد 7 / دنوں کے اندر مشینوں کی جانچ کا حق رہے گا۔ تاہم ماہرین کے ذریعے ای وی ایم کی جانچ کا خرچ امیدواروں کو ادا کرنا ہو گا۔ اگر مشین سے چھیڑ چھاڑ کی تصدیق ہوتی ہے تو امیدوار کو یہ خرچ واپس کر دیا جائے گا۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے دوران 13/ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 88/حلقوں میں کل چند واقعات کے علاوہ پُرامن ماحول میں ووٹ ڈالے گئے۔ مراٹھواڑہ کے ناندیڑ ، پربھنی ، ہنگولی سمیت بلڈھانہ ، امراوتی ، اکولہ ، وردھا ، ایوت محل اور واشم حلقوں کے 204/امیدواروں کی قسمت ای وی ایم مشینوں میں کل محفوظ ہوگی۔ ناندیڑ میں تقریباً 65/فیصد ، پربھنی 53.79/فیصد ہنگولی 62.67/فیصد ایوت محل واشم میں 54/فیصد اور اکولہ میں 62/فیصد رائے دہی کی گئی۔

***** ***** *****

ہنگولی لوک سبھا حلقے کے 39/انتخابی مراکز پر بیلیٹ یونٹ ‘16/مراکز پر کنٹرول یونٹ اور 25/ وی وی پیٹ مشینوں کی خرابی کے سبب انتخابی عمل میں رکاوٹ پیدا ہوگئی تھی۔ چند مشینوں کی درستی اور چند کی تبدیلی کے بعد انتخابی عمل دوبارہ شروع کردیا گیا۔ رائے دہی کا وقت شام 6/ بجے ختم ہوگیا تاہم بڑے پیمانے پر رائے دہندگان قطاروں میں موجود تھے۔ اِس لیے تمام انتخابی مراکز پر رات 8/ بجے تک ووٹ ڈالے گئے۔ یہ اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دیا۔

***** ***** *****

اِسی طرح پربھنی انتخابی حلقے کے کئی مراکز پر شام دیر گئے تک رائے دہی جاری رہی۔ پربھنی میں 20/مراکز پر مشینوں میں بگاڑ کی شکایات موصول ہوئی۔ جس کے بعد اِن مشینوں کو فوری طور پر بدل دیا گیا اور رائے دہی دوبارہ شروع کردی گئی۔ پربھنی شہر کے قریب بلسہ خرد گاؤں میں مسائل کے سبب شہریان نے انتخابی عمل کا بائیکاٹ کردیا تھا تاہم ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوُڑے کی جانب سے تحریری تیقن دیے جانے کے بعد یہ بائیکاٹ واپس لے لیا گیا اور ووٹ ڈالے گئے۔

***** ***** *****

ناندیڑ لوک سبھا حلقے کے بلولی تعلقے میں بھیا صاحب ایڑ کے نامی نوجوان نے ای وی ایم مشین کی بیلیٹ یونٹ کلہاڑی سے توڑ دی اِس واقعے کے بعد اُس مقام پر بیلیٹ یونٹ تبدیل کردی گئی اور ووٹ ڈالنے کا عمل معمول پر آ گیا۔ ضلع کلکٹر نے یہاں ای وی ایم مشین کا ڈیٹا محفوظ ہونے کی اطلاع دی ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا کے ٹھاکرے گروپ نے ایوت محل لوک سبھا حلقے میں شکایت درج کرائی کہ رائے دہندگان میں پیسے تقسیم کیے جا رہے ہیں اور ووٹ دینے سے روکنے کے لیے انگلیوں پر سیاسی لگائی جارہی ہے۔ اِس شکایت کے ملتے ہی انتخابی کمیشن کے فلائنگ اسکواڈ نے متعلقہ مقامات پر چھاپہ مارا جس کے بعد شر پسند منتشر ہوگئے تاہم تفتیشی دستے کو سیاہی ' برش اور وٹروں کا نام لکھا ہوا رجسٹر ہاتھ آ گیا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ اِس معاملے میں محکمہ پولس میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وہیں ایوت محل واشم حلقے میں ہیوری نامی ایک انتخابی مرکز پر انتخابی ملازمین نے اکٹھے ہوکر دوپہر کا کھانا کھایا۔ جس سے ووٹنگ کے عمل میں خلل واقع ہوگیا اور کئی رائے دہندگان بغیر ووٹ ڈالے واپس چلے گئے۔ یہ اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی۔

***** ***** *****

ناندیڑ لوک سبھا حلقے کے وشنو پوری علاقے میں ایک ماحول دوست انتخابی مرکز قائم کیا گیا۔ ووٹرز نے اِس مرکز پر سہولیات کے حوالے سے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وہیں شہر کے گجراتی کالج میں خواتین کے زیر انتظام '' سکھی '' انتخابی مرکز پر پھول دے کر رائے دہنگان کا استقبال کیا گیا۔

اِسی طرح پربھنی حلقے میں کلکٹر رگھوناتھ گاوَڑے نے سکھی انتخابی مرکز کا دورہ کیا۔ اِس موقعے پر نئے ووٹ ڈالنے والوں میں جوش وخروش نظر آیا۔ ہنگولی ضلعے کے اکھاڑا بالا پور میں یوراج بھِسے نامی نوجوان نے ممبئی سے آکر پہلی بار ووٹ دیا۔ اِسی طرح شردھا سوریہ ونشی نامی نئی ووٹر نے بنگلور سے آکر اپنے ووٹ دینے کا حق استعمال کیا۔

***** ***** *****

واشم ضلع کے کیکت عمرہ میں چیتن سیوا انکر سوسائٹی کے کئی نابینا اور معذور افراد نے ووٹ دینے کے حق کا پہلی بار استعمال کیا۔ 5 رمعذور ووٹرس نے بریل چھٹی اور معاون کی مدد سے ووٹ ڈالے۔ اِن تمام ووٹرز کا پھولوں کے گلدستے دے کر استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

لوک سبھا چُناؤ کے پانچویں مرحلے کے لیے امیدواری درخواستیں داخل کرنے کا عمل کل سے شروع ہوگیا ہے۔ اِس مرحلے میں ریاست کے دھولیہ' ناسک ' دنڈوری ' پالگھر ' تھانے' بھونڈی ' کلیان سمیت ممبئی کے 6/انتخابی حلقے شامل ہے۔5/ویں مرحلے کا چُناؤ 20 /مئی کو ہوگا۔ ناسک ضلعے کے دنڈوری لوک سبھا حلقے سے سی پی آئی ایم کے سابق رکن اسمبلی جے پی گاوِت اور سُبھاش چودھری نے امیدواری عرضی داخل کی ہے۔جبکہ ناسک لوک سبھا حلقے سے شانتی گری مہاراج نے آزاد امیدوار کے طور پر اپنا پرچہ جمع کیا۔

***** ***** *****

ممبئی شمال مشرق حلقے سے مہایوتی کے امیدوار بی جے پی کے مہر کوٹے نے جبکہ پالگھر حلقے سے بہوجن وِکاس آگھاڑی کے راجیش پاٹل نے امیدواری کا پرچہ داخل کیا ہے۔کلیان حلقے سے بہوجن سماج پارٹی کی سُشیلا کامبلے نے جبکہ رائٹ ریکال پارٹی کی جانب سے اِمت اُپادھیائے نے نامزدگی داخل کی ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے میں داخل کیے گئے امیدواری پرچوں کی کل جانچ کی گئی۔اورنگ آباد حلقے کے 51/امیدواروں میں سے 7/کی درخواستیں مسترد کردی گئی۔ اِس حلقے کے 44/امیدواروں کی درخواستیں درست پائی گئی۔ جالنہ لوک سبھا حلقے کے 47/امیدواروں میں سے 12/کی درخواستیں نامکمل پائی گئی۔جبکہ 35/امیدواروں کے کاغذات درست نکلے۔اِسی طرح بیڑ حلقے میں 76/امیدواروں نے 99/پرچے داخل کیے جن میں 16/پرچے مسترد کردیئے گئے جبکہ 55/پرچے صحیح پائے گئے۔

***** ***** *****

اِسی طرح جلگاؤں میں 20 ؍ راویر 29 ؍ نندوربار 16 ؍ ماول 35 ؍ پونے 42 ؍شرور 35 ؍ احمد نگر 36 ؍ اور شرڈی لوک سبھا حلقے میں 22 ؍امیدواروں کی درخواستیں صحیح پائی گئی ۔ چوتھے مرحلے کے اِن تمام حلقوں میں نام واپس لینے کی آخری تاریخ 29 ؍ اپریل ہے جبکہ 13 ؍مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

***** ***** *****

آکاشوانی نے لوک سبھا انتخابات کا جائزہ لینے کی خاطر لوک نر نئے مہاراشٹراچا نامی پروگرام شروع کیا ہے۔آج نشر کیے جانے والے پروگرام میں عثمان آباد لوک سبھا حلقے کا انتخابی جائزہ لیا جائے گا۔آکاشوانی کے ممبئی مرکز سے یہ پروگرام شام سوا سات بجے نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی آج کولہاپور حلقے کے مہایوتی امیدوار سنجئے منڈلک اور ہات کڑ نگلے کے امیدوار دھیریہ شیل مانے کے لیے کولہاپور میں انتخابی جلسے سے خطاب کریں گے۔وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل اِس مقام کا معائنہ کیا ہے۔اِسی دوران کانگریس قائد پرینکا گاندھی ‘ مہاوِکاس آگھاڑی امیدوار ڈاکٹر شیواجی کالگے کی تشہیر کے لیے آج اُدگیر میں جلسہ کریں گی۔اِس پروگرام کی شروعات اُدگیر کے ضلع پریشد میدان میں سہ پہر 3 ؍بجے ہوگی۔

***** ***** *****

عالمی یوم کتاب کی مناسبت سے چھتر پتی سنبھاجی نگر میں آج سے 2 ؍روزہ شیکسپیئر مہوتسو شروع ہو رہا ہے ۔ اِس میلے کا افتتاح آج شام تلک نگر کے بالاجی مندر ہال میں ہوگا۔ اِس میلے میں آج عالمی ادب اور مراٹھی اِس عنوان پر کتابوں کے شوقین ممبئی کے ششی کانت ساونت کا لیکچر ہوگا۔ساتھ ہی سینئر نقاد ڈاکٹر سُدھیر رسل کی عمدہ تحریر کو سراہا جائے گا۔اِسی طرح کل شعری گانوں کا مراٹھی پروگرام ’’ سُرات نہالے شبد کاوڑے ‘‘ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ EVM مشینوں کے استعمال کو چیلنج کرنے والی درخواست سپریم کورٹ نے کی مسترد

☆ عام انتخابات کے دوسرے مرحلے کے دوران ریاست میں کل 59.63 ر فیصد رائے دہی

☆ ناندیڑ ضلعے میں کلہاڑی سے EVM مشین توڑنے والا نوجوان گرفتار، تاہم مشین کا ڈیٹا محفوظ

☆ انتخابی عمل کے چوتھے مرحلے کی درخواستوں کی جانچ مکمل ' جالنہ میں 12 ر بیڑ 19 ر اور اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں 7 ر امیدواروں کی درخواستیں منسوخ

اور

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر میں آج سے 2 ر روزہ شیکسپیئر مہوتسو

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆